© rasailojaraid.com

دیکھ کر خدا یاد آ رہا تھا۔ اس موقع پر رخصت کرنے کے لیے آنے والے سینکڑوں مسلمانوں کے ساتھ انہوں نے مختصر دعا کرائی۔ کیا خبر تھی کہ اس مرد درویش کی یہ پہلی زیارت ہی آخری زیارت ثابت ہو گی۔

آج حضرت جیؒ اپنے دنیا بھر میں پھیلے ہوئے لاکھوں (بلکہ کروڑوں بھی کہا جائے تو شاید مبالغہ نہ ہو) عقیدت مندوں کو داغ مفارقت دے کر اپنے خالق و مالک کے پاس جا چکے ہیں، اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائیں اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام سے نوازیں، آمین یا الہ العالمین۔

## حضرت مولانا محمد غفران ہزارویؒ

استاذ الاساتذہ حضرت مولانا رسول خان ہزاروی نور اللہ مرقدہ کے فرزند اور مولانا قاری عبد الرشید رحمانی خطیب اسلامک سنٹر سیلون روڈ اپٹن پارک لندن کے والد گرامی حضرت مولانا محمد غفران ہزارویؒ گزشتہ دنوں مکہ مکرمہ میں انتقال کر گئے، انا للہ و انا الیہ راجعون۔

ان کی عمر تقریباً پچھتر برس تھی۔ وہ دار العلوم دیوبند کے فاضل تھے، کچھ عرصہ دار العلوم اسلامیہ انار کلی لاہور میں تدریسی خدمات سر انجام دیتے رہے۔ مولانا مرحوم رمضان المبارک کے دوران عمرہ کی ادائیگی کے لیے مکہ مکرمہ گئے اور وہیں ان کا انتقال ہو گیا، انہیں حرم پاک میں نماز جنازہ کے بعد جنت المعلیٰ میں سپرد خاک کر دیا گیا۔

اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائیں اور پسماندگان کو صبر جمیل کی توفیق سے نوازیں، آمین یا الہ العالمین۔

## مولانا عبد الرحیم آف شکر گڑھ

گزشتہ ماہ کے دوران شکر گڑھ کے ممتاز عالم دین حضرت مولانا ڈاکٹر عبد الرحیم انتقال کر گئے، انا للہ و انا الیہ راجعون۔ انہوں نے عملی زندگی کا آغاز مجلس تحفظ ختم نبوت کے مبلغ

© rasailojaraid.com